06-11-2024 Wednesday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) تلنگانہ بھر میں آج سے گھر گھر جامع خاندانی سروے کا آغاز ہوا ہے جس کا مقصد عوام کی سماجی، معاشی، تعلیمی، ملازمت، سیاسی اور ذات کے تعلق سے تفصیلات جمع کرنا ہے۔

(۲) نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ گھر گھر خاندانی سروے سے تلنگانہ ملک بھر میں مثالی نمونہ بنے گی۔

(۳) مرکزی حکومت نے میرٹ والے طلبہ کی مالی امداد کے لئے پی ایم ودیا لکشمی اسکیم کو منظوری دی ہے۔

اور

(۴) گوا میں 20 نومبر سے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول آف انڈیا کا آغاز ہوگا۔

☆☆☆

نیشنل انڈسٹرئیل سیکوریٹی اکیڈیمی (این آئی ایس اے)، سی آئی ایس ایف، حکیم پیٹ حیدرآباد میں آج اے سی/ای ایکس ای ایل آئی سی اے اور سب انسپکٹر، ایگزیکٹیو ایکس سرویس مین کے آٹھوین بیاچ کی پاسنگ آؤٹ پریڈ منعقد ہوئی۔ اِس اکیڈیمی میں قومی سطح پر آفاتِ سماوی کے چیالنجس سے نمٹنے کے لئے اہم رول ادا کیا ہے۔ اِس موقع پر موجود مہمان خصوصی انسپکٹر جنرل اور ڈائرکٹر این آئی ایس اے سنیل ایمول نے نئے تقرر پانے والے ملازمین پر زور دیا کہ خود اعتمادی اور پیشہ واریت کے ساتھ آنے والے چیالنجس کا مقابلہ کریں۔ اس پروگرام میں سینئر سی آئی ایس ایف عہدیدار اور ٹرینی ملازمین کے افرادِ خاندان بھی موجود تھے۔ اِس جتھے میں 27 مرد اسسٹنٹ کمانڈنٹس، 2 خاتون اسسٹنٹ کمانڈنٹس اور 17 مرد انسپکٹرس شامل ہیں۔ اسسٹنٹ کمانڈنٹس رام مورتی کندل نے بہترین انڈو۔ آؤٹ ڈور آل راؤنڈ مظاہرہ کے لئے ٹرافیاں اپنے نام کیں، جبکہ سب انسپکٹر یوگیش شرما نے آل راؤنڈ بیسٹ ٹرافی جیتی۔

☆☆☆

پسماندہ طبقات کی بھلائی کے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد میں واقع عظیم تر بلدیہ حیدرآباد (جی ایچ ایم سی) کے دفتر میں تلنگانہ میں گھر گھر کئے جانے والے سروے کا آغاز کیا۔ اِس سروے کا مقصد ریاست بھر کے مختلف افراد کی سماجی، معاشی، سیاسی، ذات اور تعلیمی صورتحال سے واقفیت حاصل کرنا ہے۔ یہ سروے محکمہ اسٹیٹ پلاننگ کی جانب سے کیا جارہا ہے۔ وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ ذات پات پر مبنی یہ مردم شماری پچھلی مرتبہ 1931ء میں کی گئی تھی۔ سروے کرنے والے عملہ کے ارکان گھر گھر جاکر فارمس میں تفصیلات درج کریں گے۔ وہ خاندان کے سربراہ کے ساتھ بات چیت کریں گے اور فارمس میں تفصیلات کا اندراج کریں گے جیسے کہ یہ فارم دو حصوں پر مشتمل ہے۔

☆☆☆

راج گوپال نائیڈو نے آج ترو ملا تروپتی دیوستھانم (ٹی ٹی ڈی) کی گورننگ باڈی کے چیرمین کی حیثیت سے حلف لے لیا۔ ان کے علاوہ 17 ارکان نے بھی سری وری ٹمپل کے سوارنا منڈپم میں حلف لیا۔ ایگزیکٹیو آفیسر شاملا راؤ نے انہیں حلف دلایا۔ بعد ازاں نائیڈو اور ٹی ڈی کے نئے بورڈ ممبرس نے اپنی ذمہ داریوں کا جائزہ حاصل کرلیا۔ اس موقع پر انڈومنٹ کے کمشنر ستیہ نارائنہ نے بھی باعتبارِ عہدہ اپنی رکنیت کا جائزہ لیا۔

☆☆☆

سیاحت کے ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے لندن میں منعقدہ 44ویں عالمی ٹراویل مارکٹ میں شرکت کرتے ہوئے تلنگانہ کی نمائندگی کی ۔ یہ پروگرام لندن کے ایکسل اگزیبیشن ہالس میں جاری ہے۔اس پروگرام کا موضوع سیاحت کے شعبہ میں ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی دیا گیا ہے۔ جوپلی نے اگزیبیشن کے دوران قائم کردہ ہندوستانی پویلین کے افتتاح کے موقع پر ہندوستانی ہائی کمشنر برائے برطانیہ وکرم دورائے سوامی اور مرکزی محکمہ سیاحت کے ڈائرکٹر جنرل مگدھا سنہا سے بھی ملاقات کی ۔ وزیر کے ہمراہ ریاستی ٹوریزم ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین پٹیل رمیش ریڈی بھی ہیں۔کل اِس اگزیبیشن کے مقام پر تلنگانہ کی اسٹال کا بھی افتتاح کیا گیا۔کرشنا راؤ نے اس موقع پر سیاحت کے فروغ کے لئے تلنگانہ کی جانب سے کئے جانے والے مختلف اقدامات کو اجاگر کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ بھر میں مختلف خاندانوں کی سماجی،معاشی،تعلیمی،روزگار،سیاسی اور ذات کے بارے میں تفصیلات جاننے کے لئے گھر گھر سروے کا آج سے آغاز ہوا ہے۔ ہر گھر سے تفصیلات حاصل کرنے کے لئے تقریباً 85ہزار ارکانِ عملہ اور 19 ہزار سوپر وائزرس کو مقرر کیا گیا ہے۔ مکانات کے سروے کے بعد ہر مکان پر پہلے تین دن کے دوران ایک اسٹیکر لگایا جائے جائے گا جب کہ اصل تفصیلات اس ماہ کی 9 تاریخ سے جمع کی جائیں گی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے آج ریاستی سطح کے بینکرس سے کہا کہ سماجی ذمہ داری کے ساتھ اپنے فیصلوں کو بروئے کار لائیں۔ حیدرآباد میں ریاستی سطح کی بینکرس کمیٹی کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بھٹی وکرامارکہ نے بینکرس سے کہا کہ خاتون سیلف ہلپ گروپوں کو زیادہ سے زیادہ قرض دیا جائے کیونکہ ان کی جانب سے قرض لوٹانے کی شرح 98 فیصد ہے۔نائب وزیر اعلیٰ نے اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ ان کی حکومت عوامی حکومت ہے، کہا کہ حکومت نے ریاست بھر میں دیگر اسکیمات کے علاوہ آرٹی سی بسوں میں خواتین کو مفت سفر کی سہولت فراہم کی ہے۔

☆☆☆

مرکزی حکومت نے پی ایم ودیالکشمی اسکیم کو منظوری دے دی جس کے ذریعہ میرٹ والے طلبہ کی مالی مدد کی جائے گی۔نئی دہلی میں آج میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت طلبہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بطور قرض فیس کی رقم حاصل کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کو اس لئے متعارف کرایا گیا ہے تاکہ ملک میں کسی بھی نوجوان کو مالی مشکلات کے سبب اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں رکاوٹ پیش نہ آئے۔

☆☆☆

اس اسکیم کے مطابق مرکزی حکومت کی جانب سے 75 فیصد ضمانت کے ساتھ 7.5 لاکھ روپے تک قرض فراہم کیا جائے گا۔توقع ہے کہ اس اسکیم سے 7 لاکھ طلبہ کو فائدہ پہنچے گا۔اس اسکیم سے فائدہ اٹھانے کے خواہاں طلبہ پی ایم ودیالکشمی پورٹل پر درخواستیں دیں سکتے ہیں۔

☆☆☆

ماحولیاتی بیداری اور تعلیم میں ایک اہم پیشرفت کرتے ہوئے تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے ایک پاکٹ گائیڈ جاری کی۔حیدرآباد برڈنگ پالس کور کمیٹی نے بھٹی وکرامارکہ کو یہ گائیڈ پیش کی اور اس گائیڈ میں دی گئی تفصیلات کے تعلق سے وضاحت کی۔نائب وزیر اعلیٰ نے برڈنگ پالس کو مبارکباد دی اور اس سلسلہ میں اس کے اقدامات پر خوشی کا اظہار کیا۔اس موقع پر ایچ بی پی کے صدر ہری کرشنا بھی موجود تھے۔

☆☆☆

بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں جاری گھر گھر جامع خاندانی سروے سے تلنگانہ ملک بھر میں مثالی نمونہ بنے گی۔حیدرآباد میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے ڈپٹی سی ایم نے کہا کہ اس سروے سے حکومت کو مستقبل کی ضروریات کی تکمیل میں مدد ملے گی۔ان کے مطابق ریاست بھر میں ذات پات پر مبنی مردم شماری کے ذریعہ حاصل کردہ اطلاعات کو راز میں رکھا جائے گا۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پریشان نہ ہوں اور بنا کسی تکلف کے عملہ کو اپنی تفصیلات پیش کریں۔

☆☆☆

گوا میں 20 نومبر سے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول آف انڈیا کا آغاز ہوگا۔9 روزہ اس فیسٹول کے دوران فلم بازار کی بھی نمائش کی جائے گی۔ اطلاعات ونشریات کی مرکزی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ فیسٹول کے دوران جملہ 208 فلموں کی نمائش ہوگی۔

☆☆☆

لیفٹیننٹ جنرل دھیرج سیٹھ، جنرل آفیسر، کمانڈنگ اِن چیف سدرن کمانڈ نے آج ریاستی گورنر جشنو دیو ورما سے راج بھون حیدرآباد میں ملاقات کی۔دھیرج سیٹھ نے اس ملاقات کے دوران ریاستی انتظامیہ اور ہندوستانی فوج کے درمیان قریبی تال میل کو اجاگر کیا اور کہا کہ اِس اشتراک سے کسی بھی طرح کی ناگہانی صورتحال اور سلامتی کی داخلی حالت سے نمٹنے کو یقینی بنایا جاتا ہے۔